13-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	الحدیث	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة الثانوية العامة (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________

نام طالبعلم: ____________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ عام آدمی اس پہاڑ کے برابر خرچ کرنا صحابہ کے ایک صاع کے برابر نہیں ہو سکتا:

(الف) احد (ب) ثور (ج) طور (د) قبیس

2۔ آپ ﷺ نے فرمایا اہل آسمان کے لیے آسمان کا باعث ہیں:

(الف) ستارے (ب) چاند (ج) سورج (د) تینوں

3۔ صحابہ کی تکریم امت پر ہے:

(الف) واجب (ب) سنت (ج) مباح (د) مستحب

4۔ صحابہ کرام کے دلوں میں ایمان اس سے بھی بڑا تھا:

(الف) پہاڑوں (ب) درختوں (ج) سمندروں (د) صحراؤں

5۔ حضور ﷺ نے فرمایا ان سے محبت ایمان کی علامت ہے:

(الف) انصار (ب) حضرت علی (ج) دونوں (د) مہاجرین

6۔ حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص ان پر ایمان رکھتا ہو وہ انصار سے بغض نہیں رکھ سکتا:

(الف) اللہ پر (ب) قیامت پر (ج) دونوں پر (د) تقدیر پر

7۔ صحابہ کرام کی تعداد اس موقع پر 1400 تھی:

(الف) بدر (ب) احد (ج) حدیبیہ (د) حج الوداع

8۔ حضور ﷺ کو ان سے سب سے زیادہ پیار تھا:

(الف) حضرت حسن بن علیؓ سے (ب) حضرت حسین بن علیؓ سے (ج) حضرت علیؓ سے (د) حضرت فاطمہؓ سے

9۔ حضور ﷺ نے فرمایا جو مجھ سے محبت کرتا ہے اسے چاہیے کہ وہ اس سے محبت کرے:

(الف) حضرت حسنؓ (ب) حضرت حسینؓ (ج) دونوں (د) حضرت علیؓ

10۔ حضور ﷺ نے فرمایا اس فرشتے نے خبر دی کہ حسین بن فاطمہؓ کو شہید کیا جائے گا:

(الف) جبرائیلؑ (ب) میکائیلؑ (ج) اسرافیلؑ (د) عزرائیلؑ

ورق الٹیے

11۔امام حسین کو اس سن ہجری میں شہید کیا گیا:

(الف) 61ھ (ب) 62ھ (ج) 63ھ (د) 64ھ

12۔آپ علیہ السلام نے خاک کربلا ان کو دی تھی:

(الف) حضرت ام سلمی (ب) حضرت عائشہ (ج) حضرت علی (د) حضرت زینب

13۔آپ ﷺ کو مردوں میں سے زیادہ محبوب ہے:

(الف) حضرت علیؑ (ب) حضرت فاطمہؑ (ج) حضرت حسن و حسینؑ (د) حضرت وہبہ کلبی

14۔حضور ﷺ نے فرمایا: ہم اہل بیت سے محبت کرنے والے جنت میں ہوں گے:

(الف) آپ ﷺ کے ساتھ (ب) ہمارے پیچھے (ج) ہمارے دائیں (د) ہمارے بائیں

15۔مردوں میں سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والے ہیں:

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت علی (ج) حضرت حمزہ (د) حضرت خبیب

16۔آقا علیہ السلام نے اس صحابی کی مکمل پرورش فرمائی:

(الف) حضرت علی کو (ب) حضرت عمر بن ابی سلمہ کو (ج) حضرت حسن کو (د) حضرت انس کو

17۔قلعہ خیبر کا دروازہ اکھاڑا تھا:

(الف) حضرت علی نے (ب) حضرت عمر نے (ج) حضرت ابو بکر نے (د) حضرت خالد بن ولید نے

18۔ان سے بغض نفاق کی علامت ہے:

(الف) حضرت علیؑ (ب) حضرت امام حسنؑ (ج) حضرت امام حسینؑ (د) حضرت فاطمہؑ

19۔تم میرے لیے ایسے ہو جیسے ہارون تھا موسی کے لیے یہ فرمان اس صحابی کے لیے ہے:

(الف) حضرت علی (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان (د) حضرت ابو بکر

20۔حضرت علی کا لقب ہے:

(الف) سید العرب (ب) ابوتراب (ج) اسد اللہ (د) تینوں

13-01-2026

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2026ء

مضمون:	الحدیث	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ الثانویۃ العامۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): ______ رول نمبر (لفظوں میں): ------------------------------

حصہ انشائیہ

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ فضائل صحابہ کے بارے ایک حدیث شریف تحریر کریں۔
2۔ صحابہ کو برا بھلا کہنے والے کا کیا حکم ہے؟ حدیث شریف لکھیں۔
3۔ حضرت علی سے محبت اور نفاق کی علامت کیا ہے؟ حدیث کی رو سے بیان کریں۔
4۔ عشرہ مبشرہ سے کیا مراد ہے؟ تحریر کریں۔
5۔ حضور ﷺ نے بنو قینقاع کے بازار کی طرف چکر لگا کر کیا ارشاد فرمایا؟ تحریر کریں۔
6۔ آپ ﷺ کی حسنین کریمین سے محبت کا کوئی واقعہ تحریر کریں۔
7۔ اہل بیت کے بارے میں ایک حدیث یا اس کا ترجمہ لکھیں۔
8۔ مقتل حسین کی خبر آپ ﷺ کو بچپن میں ہی دے گئی تھی حدیث لکھیں
9۔ حضور ﷺ کی قرابت سے محبت واجب ہے قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔
10۔ اہل بیت سے بغض کرنے والوں کی مذمت بارے ایک حدیث لکھیں
11۔ محبان اہل بیت کی عظمت کے بارے حدیث لکھیں۔
12۔ حضرت علی کی شان میں ایک حدیث لکھیں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ خلفائے راشدین کے صرف نام لکھیں۔
2۔ حضرت عمر کی شان میں ایک حدیث لکھیں۔
3۔ اصحاب بدر کی شان میں ایک حدیث تحریر کریں۔
4۔ حضرت عائشہ کی شان میں ایک حدیث لکھیں۔
5۔ حضرت فاطمہ کی شان میں ایک حدیث لکھیں۔
6۔ حضرت ابو بکر صدیق کی شان میں ایک حدیث لکھیں۔
7۔ حضرت علی کی محبت کے بارے ایک حدیث لکھیں۔
8۔ ابن جوزی نے یزید اور معاویہ کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟ تحریر کریں۔
9۔ حضرت عمر کے اسلام لانے کے بارے میں مختصراً تحریر کریں۔
10۔ قلعہ خیبر کی فتح کے بارے مختصراً تحریر کریں۔
11۔ "علی منی وانا منہ" اعراب لگا کر ترجمہ لکھیں۔
12۔ "ذکر علی عبادۃ" اعراب لگا کر ترجمہ لکھیں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. صحابہ کرام کی عظمت وشان حدیث کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔
ii. اہل بیت اطہار کی شان وعظمت قرآن کی روشنی میں بیان کریں۔
iii. حضرت علی کی عظمت ورفعت پر حدیث کی روشنی میں ایک مفصل مضمون لکھیں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. اصحاب بدر کی عظمت وشان پر ایک مکمل مضمون تحریر کریں۔
ii. صحابہ کرام سے بغض وعداوت رکھنے کا کیا حکم ہے؟ حدیث کی روشنی میں مفصل تحریر کریں۔
iii. اہل بیت اطہار کی محبت ومودت کا کیا حکم شرعی ہے؟ نیز اس کے دنیا اور قبر وحشر میں کیا فوائد ہوں گے؟ حدیث کی روشنی میں مدلل ومفصل تحریر کریں۔